روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
FD-10

# الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 21 اگست 2008ء 18 شعبان 1429 ہجری 21 ظہور 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 191

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

قرآن توحید سکھاتا ہے اور تورات بھی خدائے واحد کی پرستش سکھلاتی ہے۔ پھر فرق کیا ہوا؟ بظاہر یہ سوال بڑا پیچدار ہے۔ اگر کسی ناواقف آدمی کے سامنے پیش کیا جاوے، تو وہ گھبرا جاوے اصل بات یہ ہے کہ اس قسم کے باریک اور پیچدار سوالات کا حل بھی اللہ تعالیٰ کے خاص فضل کے بغیر ممکن نہیں۔ یہی تو قرآنی معارف ہیں جو اپنے اپنے وقت پر ظاہر ہوتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن شریف اور تورات میں تطابق ضرور ہے۔ اس سے ہم کو انکار نہیں، لیکن تورات نے صرف متن کو لیا ہے جس کے ساتھ دلائل، براہین اور شرح نہیں ہے، لیکن قرآن کریم نے معقولی رنگ کو لیا ہے۔ اس لئے کہ توریت کے وقت انسانوں کی استعدادیں وحشیانہ رنگ میں تھیں (مگر قرآن شریف کے نزول کے وقت استعدادیں معقولیت کا رنگ پکڑ گئی تھیں) اس لئے قرآن شریف نے وہ طریق اختیار کیا جو اخلاق کے منافع کو ظاہر کرتا ہے اور بتلاتا ہے کہ اخلاق کے مفاد یہ ہیں اور نہ صرف مفاد اور منافع کو بیان ہی کرتا ہے، بلکہ معقولی طور پر دلائل اور براہین کے ساتھ ان کو پیش کرتا ہے تاکہ عقل سلیم سے کام لینے والوں کو انکار کی گنجائش نہ رہے۔ جیسا کہ میں نے ابھی بیان کیا ہے کہ قرآن شریف کے وقت استعدادیں معقولیت کا رنگ پکڑ گئی تھیں اور توریت کے وقت وحشیانہ حالت تھی۔ حضرت آدمؑ سے لے کر زمانہ ترقی کرتا چلا گیا ہے۔ یہاں تک کہ قرآن شریف کے وقت وہ دائرہ کی طرح پورا ہو گیا۔ حدیث شریف میں ہے کہ زمانہ مستدیر ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ماکان محمد ...... (الاحزاب: 41)

ضرورتیں نبوت کا انجن ہیں۔ ظلماتی راتیں اس نور کو کھینچتی ہیں، جو دنیا کو تاریکی سے نجات دے۔ اس ضرورت کے موافق نبوت کا سلسلہ شروع ہوا اور جب قرآن کریم کے زمانہ تک پہنچا، تو مکمل ہو گیا۔ اب گویا سب ضرورتیں پوری ہو گئیں۔ اس سے لازم آیا کہ آپ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیاء تھے۔ اب بڑا اور واضح فرق توریت وقرآن کریم کی تعلیم میں ایک تو یہی ہے کہ قرآن شریف نے دلائل پیش کئے ہیں جن کو توریت نے مس تک نہیں کیا۔

اور دوسرا فرق یہ ہے کہ تورات نے صرف بنی اسرائیل کو مخاطب کیا ہے اور دوسری قوموں سے کوئی تعلق اور واسطہ نہیں رکھا۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس نے دلائل و براہین پر زور نہیں دیا کیونکہ توریت کے زیر نظر کوئی دوسرا فرقہ (یا مذہب) مثل دہریہ، فلاسفیہ اور براہمہ وغیرہ کا نہ تھا۔ بخلاف اس کے قرآن شریف کے مخاطب چونکہ کل ملل اور فرقے تھے اور اس پر پہنچ کر تمام ضرورتیں ختم ہو گئی تھیں، اس لئے قرآن کریم نے عقائد کو بھی اور احکام کو بھی مدلل (طور پر بیان) کیا۔

چنانچہ قرآن مجید فرماتا ہے: قل للمومنین ...... (النور: 31) یعنی مومنوں کو کہہ دے کہ کسی کے ستر کو آنکھ پھاڑ کر نہ دیکھیں اور باقی تمام فروج کی بھی حفاظت کریں۔ یعنی انسان پر لازم ہے کہ چشم خوابیدہ ہو تا کہ کسی غیر محرم عورت کو دیکھ کر فتنہ میں نہ پڑے۔ کان بھی فروج میں داخل ہیں جو قصص اور فحش باتیں سن کر فتنہ میں پڑ جاتے ہیں، اس لئے عام طور پر فرمایا کہ تمام موریوں (سوراخوں) کو محفوظ رکھو اور فضولیات سے بالکل بند رکھو ذالک ازکی لھم (النور: 31) یہ مومنوں کے لئے بہت ہی بہتر ہے اور یہ طریق تعلیم ایسی اعلیٰ درجہ کی پاکیزگی اپنے اندر رکھتا ہے کہ جس کے ہوتے ہوئے بدکاروں میں نہ ہو گے۔

(ملفوظات جلد اول ص54)

## جوش توحید

حضرت عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ آیت پڑھی ''آسمان لپٹے ہوئے ہیں اس کے داہنے ہاتھ میں۔ وہ پاک ہے اور بہت بلند ان شریکوں سے جو لوگ اس کے مقابل میں ٹھہراتے ہیں۔'' رسول اللہؐ نے کہا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ ''میں بڑی طاقتوں والا اور نقصان کی تلافی کرنے والا ہوں۔ میرے لئے ہی بڑائی ہے۔ میں بادشاہ ہوں میں بلند شان والا ہوں۔ اللہ تعالیٰ اسی طرح اپنی ذات کی مجد اور بزرگی بیان کرتا ہے۔'' آنحضرت ﷺ ان کلمات کو بار بار بڑے جوش سے دہرا رہے تھے یہاں تک کہ منبر لرزنے لگا اور ہمیں خیال ہوا کہ کہیں آپ منبر سے گر ہی نہ جائیں۔

(صحیح بخاری کتاب التفسیر باب و ماقدروا اللّٰہ حدیث نمبر 4437)

## یتیم کی پرورش کا اجر

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ خطبہ جمعہ 23 جنوری 2004ء فرماتے ہیں۔

۞ اس حدیث کو یاد رکھو کہ آپؐ نے فرمایا کہ ''میں اور یتیم کی پرورش کرنے والے جنت میں ساتھ ہوں گے جس طرح دو انگلیاں ہیں۔''

تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت میں یتامیٰ کی خبر گیری کا بڑا اچھا انتظام موجود ہے۔ اس کا نام یکصد یتامیٰ کی تحریک ہے۔ لیکن اس کے تحت سینکڑوں یتامیٰ بالغ ہو کر پڑھائی مکمل کر کے کام پر لگ جانے تک ان کو پوری طرح سنبھالا گیا اسی طرح لڑکیوں کی شادیوں تک کے اخراجات پورے کئے جاتے رہے اور کئے جا رہے ہیں۔

(الفضل 19 نومبر 2004ء)

## ضرورت اساتذہ

۞ نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کے انگلش میڈیم سکول بوائز سیکشن میں درج ذیل مضامین پڑھانے کیلئے اساتذہ کی ضرورت ہے۔

**انگریزی، میتھ، کیمسٹری اور بیالوجی**

ایسے احباب جماعت جنہوں نے مذکورہ بالا مضامین میں ایم۔اے یا ایم ایس سی یا بی اے یا بی ایس سی بطور ریگولر سٹوڈنٹ کی ہو وہ اپنی اپنی درخواستیں امیر صاحب کی تصدیق کے ساتھ چیئرمین صاحب ناصر فاؤنڈیشن کے نام نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو بھجوائیں۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

## داخلہ ٹیسٹ نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ

۞ نصرت جہاں اکیڈمی انگلش میڈیم بوائز کی کلاس ششم، ہفتم اور نہم کیلئے داخلہ ٹیسٹ مورخہ 27-28 اگست 2008ء کو اکیڈمی ہال میں منعقد ہونگے۔ جن کے لئے رجسٹریشن 25 اگست 2008ء تک ہوگی۔ تفصیلات کیلئے اکیڈمی دفاتر سے رجوع فرمائیں۔

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

# اے مرے پیارو......

سدا مہکو چمن میں اے بہارو اے مرے پیارو
پھلو پھُولو مری آنکھوں کے تارو اے مرے پیارو

تمہارے دَم سے قائم ہے یہ رونق بزمِ ہستی کی
جیو جُگ جُگ جیو دل کے سہارو اے مرے پیارو

ستاروں سے بھرو دامن مناؤ جشن لیکن تم
شبِ تنہائی میں اس کو پکارو اے مرے پیارو

خزاں رُت میں کبھی بھولے سے بھی دلگیر مت ہونا
ہمیشہ مسکراؤ غمگسارو اے مرے پیارو

یہ موسم تو بدلنا ہے بدل ہی جائے گا اک دن
اسی امید پر ہمت نہ ہارو اے مرے پیارو

کوئی دکھ دے اگر تم کو تو دیکھو غم نہیں کرنا
غموں کا وقت بھی ہنس کر گزارو اے مرے پیارو

محبت سے دلوں کو جیتنا ہے دکھ بٹانا ہے
تم اپنے غم چھپاؤ، دل فگارو اے مرے پیارو

سفر کی دھول میں اکثر خس و خاشاک ہوتے ہیں
انہیں خاطر میں مت لاؤ، سوارو اے مرے پیارو

سروں کی فصل پک جائے تو اس کو کاٹنا بھی ہے
ہتھیلی پر رکھو سر جاں نثارو! اے مرے پیارو

قدم آگے بڑھاؤ تیز تر رکنا نہیں تم کو
چلو نظریں اٹھا کر رہ گزارو اے مرے پیارو

افق پر صبح کے آثار ظاہر ہو رہے ہیں اب
جبیں سے گرد پونچھو، شب اتارو اے مرے پیارو

جو دل میں آگ روشن ہے اسے بجھنے نہیں دینا
اسے کچھ اور بھڑکاؤ، نکھارو اے مرے پیارو

یہ وہ جنگِ مقدس ہے جو آخر تم کو لڑنا ہے
رہو دھرتی پہ جم کر کوہسارو اے مرے پیارو

گھروں کو چھوڑ کر نکلو خدا کے نام کی خاطر
خدا حافظ تمہارا ہو سدھارو اے مرے پیارو

خلافت سے وفا کا عہد و پیماں کر چکے ہو تم
اسے اپنے لہو سے استوارو اے مرے پیارو

خلافت سے تعلق ہی تمہاری اصل طاقت ہے
وفا سے اس تعلق کو سنوارو اے مرے پیارو

گواہی دے رہا ہے آسماں جس کی صداقت کی
اسی پر جان و دل وارو نثارو اے مرے پیارو

گھٹا بن کر اٹھ آؤ کہ دنیا کے کناروں تک
تمہیں چھم چھم برسنا ہے، ستارو اے مرے پیارو

**ڈاکٹر عبدالکریم خالد**

## محبت سب کے لئے......

نفرت کی تعلیم نہ دوں گا الفت کی پہچان بنوں گا
پھر میں چنوں گا مذہب کوئی پہلے میں انسان بنوں گا

ڈاکٹر حنیف احمد قمر

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

مکرم حیدر علی ظفر صاحب

# خوشگوار عائلی زندگی کے متعلق دینی تعلیم

(قسط دوم)

بات ہو رہی تھی میاں بیوی کے رشتہ داروں کے حقوق کا خیال رکھنے کی اور یہ صلہ رحمی ہے۔ قرآن مجید میں اس کا واضح حکم موجود ہے۔...... (النساء:2) جس کے معنی ہیں کہ تم تقویٰ اختیار کرو اللہ کا جس کے نام کے واسطے دے کر تم ایک دوسرے سے مانگتے ہو اور رحموں (کے تقاضوں) کا بھی خیال رکھو۔ یہاں تقویٰ سے مراد یہ ہے کہ خدا تعالیٰ کی ناراضگی کے خوف سے بچتے ہوئے اپنے فرائض ادا کرنا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے حقوق کی نگہداشت کرو اور رحمی تعلقات کے حقوق کی نگہداشت کرو۔ خدا تعالیٰ نے یہاں صلہ رحمی کی اس قدر تاکید کی ہے کہ اپنے حقوق کے بعد رحمی تعلقات کی نگرانی کرنے کا حکم ہے۔

گھروں کے امن کی ضمانت تو اس امر پر موقوف ہے کہ گھریلو زندگی کو دینی خطوط پر از سر نو تعمیر کیا جائے اور گھروں کی تعمیر نو اس امر پر موقوف ہے کہ رحمی اور دیگر رشتوں کو پھر سے مضبوط بنایا جائے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے قطع رحمی اختیار کرنے والوں کی دعائیں مقبول نہ ہونے کا بھی مذکورہ آیت سے استدلال فرمایا: وَاتَّقُوا اللّٰهَ ...... ہم نے تمہیں تمام دنیا میں پھیلا دیا اور ایک جان سے بے شمار جانیں پیدا کیں مگر اس لئے نہیں کہ رشتے ٹوٹ جائیں بلکہ اس لئے کہ رشتے قائم ہوں اور بڑے احترام کے ساتھ قائم ہوں فرمایا جس خدا سے تم منتیں کر کے اپنی مرادیں مانگتے ہو یاد رکھنا وہ تمہیں تعلیم دے رہا کہ اپنے رحمی رشتوں کی حفاظت کرنا اور ان کا خیال رکھنا ان دونوں باتوں کو اس طرح باندھا گیا ہے کہ اگر کوئی عورت یا مرد دونوں میں سے جو بھی ہو رحمی رشتوں کا لحاظ نہیں رکھتا اور صلہ رحمی کی بجائے قطع رحمی اختیار کرتا ہے تو اس کے لئے پیغام ہے کہ تمہاری دعائیں قبول نہیں ہوں گی۔ اس نقطہ کو سمجھنا بہت ہی ضروری ہے۔"

(خطاب لجنہ جلسہ سالانہ انگلستان 1990ء)

میں کوشش کر رہا ہوں کہ میاں بیوی کی زندگی کو سنوارنے والی باتیں بیان کروں۔ اس لئے ان امور کا ذکر ہو رہا ہے جو دونوں کے لئے ہیں۔ جہاں تک زندگی کو بگاڑنے کا تعلق ہے تو ایک فریق بھی ایسا کر سکتا ہے مگر زندگی کو سنوارنے کے لئے جب تک دونوں میاں بیوی کوشش نہیں کریں گے تو زندگی خوشگوار نہیں بن سکتی۔

دین نے ازدواجی زندگی کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں تعلیم دی ہے۔ آج یورپ اور امریکہ کے تمدنی نظام نے ازدواجی زندگیوں میں جو زہر گھولے ہیں اور جس طرح میاں بیوی کے درمیان تعلقات کے تقدس کو پارہ پارہ کر کے خاندانی نظام اور سوسائٹی کے امن کی دھجیاں بکھیر دی ہیں وہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ ایسے میں ضرورت ہے کہ نہ صرف ان لوگوں کو اسلامی نظام تمدن کے اصولوں سے آگاہ کیا جائے بلکہ ان اصولوں پر عمل درآمد کر کے اپنے پاکیزہ اور دلکش نمونے سے بتایا جائے کہ ان کے لئے معاشرتی امن کے حصول کی ایک ہی صورت ہے کہ وہ اس نظام تمدن کو اپنائیں جس کی بنیاد الہام الٰہی پر ہے اور وہ اسلامی نظام تمدن ہے۔

اہلی زندگی کو تلخ بنانے والے بہت سے امر ہیں۔ وہ کیا ہیں اور ان کا علاج کیا ہے؟ اس طرح شادی شدہ زندگی کی ناکامی کی کیا وجوہات ہیں اور ان کا سد باب کس طرح کیا جا سکتا ہے؟ ان امور کی تفصیل تو اس وقت بیان نہیں ہو سکتی۔ البتہ یہ بیان کرنا چاہتا ہوں کہ انسان پر کئی دفعہ مصیبتیں آتی ہیں۔ بیماری آجاتی ہے۔ کبھی قرضہ ہو جاتا ہے کبھی تجارت میں نقصان ہو جاتا ہے۔ کبھی کوئی مقدمہ ہو جاتا ہے۔ تو اس مصیبت کی گھڑی میں انسان ادھر ادھر پھرتے ہیں کوئی پناہ مل جائے۔ کوئی دوست تلاش کرتا ہے۔ کوئی رشتہ داروں کے پاس جاتا ہے۔ کوئی وکیل تلاش کرتا ہے۔ ایسی صورت میں انسان کو کیا کرنا چاہیے؟

حضرت مصلح موعود اس کے حل میں فرمان الٰہی اِتَّقُوْا رَبَّكُمْ کی تشریح کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں:

"فرماتا ہے اتنی تکلیف کیوں اٹھاتے ہو؟ ہم تمہیں ایک آسان راستہ بتاتے ہیں۔ وہ یہ کہ اِتَّقُوْا رَبَّكُمْ تم اس تکلیف کے وقت اللہ تعالیٰ کو ڈھال کیوں نہیں بنا لیتے۔ چھوٹے بچے میں سمجھ نہیں ہوتی لیکن اس پر بھی جب مصیبت آئے تو سیدھا ماں کی طرف بھاگتا ہے۔ مگر بڑے آدمیوں کو دیکھو کوئی مشرق کی طرف جائے گا، کوئی مغرب کی طرف، کوئی جنوب کی طرف اور کوئی شمال کی طرف اور ان میں یہ پراگندگی پائی جائے گی۔ تو فرمایا اے انسان! تو بچپن میں سمجھ نہیں رکھتا تھا تو ماں کی طرف بھاگتا تھا۔ اب تو تو جوان ہو گیا ہے۔ اب اس خدا کی طرف کیوں نہیں بھاگتا جس نے تجھ کو پیدا کیا۔ بچپن میں تمہیں خدا کی سمجھ نہیں تھی اب تو تم بڑے ہو گئے ہو۔ تم کو یہ خیال کرتے ہو کہ تمہاری ماں تو تمہاری حفاظت کر سکتی تھی مگر خدا نہیں کر سکتا...... ان مصیبتوں کے وقت اپنے رب کو ڈھال بنا لیا کرو۔ اس نے تم سب کو ایک جان سے پیدا کیا۔ ایک جان سے مراد مرد اور عورت کا مجموعہ ہے۔"

(انوار العلوم جلد 16 صفحہ 9)

مومن کوشش ضرور کرتا ہے مگر اپنی کوشش پر انحصار نہیں کرتا اور جانتا ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے توفیق نصیب نہ ہو تو وہ اپنی عائلی زندگی کو خوشگوار نہیں بنا سکتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ سے وہ یہ دعا کرتا ہے: رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا......

ایک موقعہ پر حضرت خلیفۃ المسیح الرابع اس کی عظیم موثر دعا جو گھر کو جنت بنانے کے لئے ایک نسخہ ہے کو حرز جان بنانے کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

دعا کے اس مضمون کو سمجھتے ہوئے مستقل مانگنے کی عادت ڈال لیں اور جب یہ دعا کیا کریں تو اپنے تعلقات پر نگاہ کیا کریں کہ انکی کیا نوعیت ہے۔ آپ واقعۃً ان کو بدلنے کے لئے تیار ہیں بھی کہ نہیں۔ اگر ہیں تو کیا کوشش کر رہے ہیں اور اگر نہیں تو پھر یہ دعا کیوں مانگ رہے ہیں۔ پھر اس دعا کی کوئی حقیقت نہیں رہ جاتی۔ پس اس گہری اور تفصیلی نظر سے جب آپ صداقت کے ساتھ حالات کا جائزہ لیتے ہوئے اس دعا کے ذریعے اپنے معاشرتی تعلقات اور اہلی تعلقات کو بہتر بنانے کی کوشش کریں گے تو بلا شبہ مجھے کامل یقین ہے کہ اس دعا کی برکتیں آپ پر آسمان سے بھی نازل ہونگی اور زمین سے بھی اُگلیں گی اور آپ کے گھر دیکھتے دیکھتے جنت نشان بن جائیں گے۔"

(خطبہ جمعہ مورخہ 6۔ جولائی 1990ء)

گھروں میں امن وسکون قائم رکھنے اور انہیں برباد ہونے سے بچانے کے لئے حضرت مسیح موعود نے ایک نہایت آزمودہ نسخہ یہ بیان فرمایا ہے کہ

"اگر تم چاہتے ہو کہ خیریت سے رہو اور تمہارے گھروں میں امن رہے تو مناسب ہے کہ دعائیں بہت کرو اور اپنے گھروں کو دعاؤں سے پر کرو۔ جس گھر میں ہمیشہ دعا ہوتی رہے خدا تعالیٰ اسے برباد نہیں کیا کرتا۔ لیکن جو سستی میں زندگی بسر کرتا ہے اسے آخر فرشتے بیدار کرتے ہیں۔ اگر تم ہر وقت اللہ تعالیٰ کو یاد رکھو تو یقین رکھو کہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ بہت پکا ہے۔ وہ کبھی تم سے ایسا سلوک نہیں کرے گا جیسا کہ فاسق فاجر سے کرتا ہے۔"

(ملفوظات جلد 7 صفحہ 309)

ایک عظیم صاحب دل نے اپنے ایک منظوم کلام میں ایک آئیڈیل گھر کا تصور دیتے ہوئے فرمایا ہے اور کیا ہی خوب فرمایا ہے۔ کاش ہمارے گھر اس حسین تصور کا نمونہ پیش کرنے والے ہوں اور ہمیں ایسے گھر نصیب ہوں۔ فرمایا

مری نظر میں گھر ہے وہ میرے عزیز دوستو
جہاں محبتیں بھی ہوں
جہاں رفاقتیں بھی ہوں
جہاں خلوص دل بھی ہوں
جہاں صداقتیں بھی ہوں
جہاں ہو احترام بھی
جہاں عقیدتیں بھی ہوں
جہاں ہو کچھ لحاظ بھی
جہاں مروتیں بھی ہوں
جہاں نوازشیں بھی ہوں
جہاں عنائتیں بھی ہوں
جہاں ہو ذکر یار بھی
جہاں عبادتیں بھی ہوں
کسی حسین، دلنواز
کی حکائتیں بھی ہوں
جہاں نہ ہوں کدورتیں
جہاں نہ ہوں عداوتیں

(از ماہنامہ مصباح ربوہ فروری 2003ء)

موجودہ زمانہ میں عورت مرد کی مساوات کا بہت چرچا رہتا ہے اور جس طرح باقی امور میں دنیا افراط و تفریط کی طرف جا رہی ہے اسی طرح اس معاملہ میں بھی بعض لوگ ایک طرف حد سے آگے نکل گئے ہیں اور بعض لوگ دوسری طرف۔ قرآن کریم نے ایک طرف تو اس مساوات کو یہ کہہ کر قائم کیا ہے کہ یعنی عورتوں کو ویسے ہی حقوق ہیں جیسی کہ ان پر ذمہ داریاں ہیں اور دوسری طرف اس امر کی بھی وضاحت کر دی ہے کہ اس اشتراک میں جو عورت اور مرد کے درمیان قائم ہوتا ہے سینئر شریک مرد ہے۔ بحیثیت انسان مرد اور عورت دونوں برابر ہیں لیکن قدرت نے جو اختلاف دونوں کے درمیان رکھا ہے وہ خود اس بات پر شاہد ہے کہ حیات انسانی میں دونوں کا حلقہ عمل اور دونوں کے فرائض ایک دوسرے سے بہت حد تک مختلف ہیں۔ اس حلقہ عمل اور ان کے فرائض کو مدنظر رکھتے ہوئے مرد پر زندگی کے نسبتاً کرخت فرائض اور بھاری ذمہ داریاں لگائی گئیں ہیں اور عورت کے سپرد نسبتاً نازک کام کیے گئے ہیں اور انہیں فرائض اور ذمہ داریوں کے مطابق ان کی جسمانی ساخت ان کے قویٰ کی طاقت اور تربیت بھی ہے تا کہ وہ اپنی اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریق پر سرانجام دے سکیں۔ مثلاً مرد کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی محنت سے اپنے لئے اور اپنے بیوی بچوں کے لئے روزی کمائے اور ان کے لئے آرام کے سامان حتی المقدور مہیا کرے اور ان کی حفاظت کرے اور ہر قسم کے خطرات کے مقابلہ میں ان کے لئے ایک سپر ہو۔

دنیا میں جہاں بھی شراکت ہوگی وہاں لازماً ایک شریک کو دوسروں کی نسبت کچھ اختیارات زیادہ دیئے جائیں گے تا کہ اختلاف کی صورت میں اسے آخری فیصلہ کا اختیار ہو۔ یہ اختیارات ہر موقع اور محل پر استعمال نہیں ہونگے۔ بلکہ میاں بیوی کا رشتہ تو ایسا ہے کہ اگر دونوں اپنے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو مدنظر رکھیں تو ایسے اختیارات کے استعمال کے مواقع بھی پیدا نہیں ہونے چاہئیں۔ لیکن اگر ان کے استعمال کا موقع پیدا ہو تو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ اختیارات کسے حاصل ہیں۔ دین نے تو رفع اختلافات کا اس حد تک انتظام کیا ہے کہ چھوٹے سے سفر کو بھی اس دائرہ سے باہر نہیں رکھا اور تاکید کی ہے کہ جب دو یا دو سے زیادہ لوگ اکٹھے سفر پر نکلیں تو اپنا ایک امیر مقرر کر لیں اور سفر کے دوران اس کی اطاعت کریں اور میاں بیوی کا

ساتھ تمام زندگی کے سفر کا ساتھ ہے۔ اس سفر کا بھی تو کوئی امیر ہونا چاہیے اور اس سفر کا امیر دین نے مرد کو مقرر کیا ہے۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ روزی کمانا اور مال کا بہم پہنچانا اس کے ذمے ہے اس لئے اس مال کے خرچ کرنے اور دیگر انتظامات وغیرہ سے متعلق بھی اسے آخری فیصلہ کا اختیار ہونا چاہئے لیکن دین نے بار بار اسے حسن سلوک اور نرمی اور شفقت اور ہمدردی کی تاکید کی ہے۔

اللہ تعالیٰ نے عورتوں اور مردوں کے نہ صرف حقوق اور فرائض بیان کئے ہیں بلکہ ان کے درمیان باہمی الفت کے رشتے کا بھی ذکر کیا ہے۔ مگر پھر بھی انسان ہونے کے ناطے کہیں نہ کہیں ان بن ہو جاتی ہے تو ایسی صورت میں دونوں کو درگذر سے کام لینا چاہیے۔ مگر عورتوں سے حسن سلوک کرو کا حکم مردوں کو ہے۔ اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ مردوں کو بطور خاص بھی کوئی پیغام دوں اور وہ پیغام میرا نہیں بلکہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کا ہے۔ آپ فرماتے ہیں:۔

’’آج کے معاشرہ کے تجزیہ کے وقت یہ بات سب سے نمایاں طور پر سامنے آتی ہے کہ وہی گھر بگڑتے ہیں۔ وہی گھر جہنم بنتے ہیں جن کے مرد اپنی بیویوں سے سکون تلاش کرنے کی بجائے گھر سے باہر سکون ڈھونڈتے ہیں۔ ایسے گھر لازماً برباد ہو جایا کرتے ہیں اور ان کی اولادیں بھی تباہ ہو جایا کرتی ہیں پھر آپ وہ ماں نہیں بن سکتیں جن کے پاؤں کے نیچے جنت ہے۔ یہ باتیں ایسی ہیں جو خوب اچھی طرح وضاحت کے ساتھ گھوٹ گھوٹ کر پلانے والی باتیں ہیں تاکہ آپ میں سے ہر ایک کے دل میں اس طرح پیوست ہو جائیں کہ پھر کبھی بھول نہ سکیں اور مردوں کو بھی کہتا ہوں کہ اگر انہوں نے اس معاملہ میں تعاون نہ کیا اور ان کی اولادیں ضائع ہوئیں تو خدا ان سے پوچھے گا اور وہ خدا کے حضور جواب دہ ہوں گے۔ یہ بھی سوچیں کہ آپ کی اپنی بچیاں بھی ہیں جو دوسروں کے گھروں میں جانے والی ہیں۔ اگر کوئی خاوند اپنی بیوی سے اس طرح کا ظالمانہ سلوک کرتا ہے اور اسے کوئی پرواہ نہ ہو اور کوئی خطرہ محسوس نہ کرے تو اس کو سوچنا چاہیے کہ آئندہ ہوسکتا ہے کہ اس کی بیٹیاں ہوں وہ بھی کسی کے گھر میں جائیں، وہ بھی اسی طرح بے دست و پا ہوں اگر وہ اس نظر سے سوچے تو وہ تھرتھرا اٹھے گا۔ وہ سوچے گا کہ یہ بہت ہی خطرناک بات ہے لیکن عام طور پر لوگ اس بات کو بھلا دیتے ہیں۔ میں سمجھتا کہ بیوی سے ظلم کا سلوک بہت بڑے گناہوں میں سے ایک گناہ ہے۔ عام گناہ کبیرہ جتنے بھی ہوں ان کا اثر انسان کی ذات پر پڑتا ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا گناہ ہے جو سارے معاشرہ کو تباہ کر دیتا ہے۔‘‘

(خطاب لجنہ جلسہ سالانہ کینیڈا 6 جولائی 1991ء بحوالہ احمدیہ گزٹ کینیڈا جون و جولائی 2005ء)

میاں بیوی کو ایک دوسرے کی اطاعت کرنے کی تلقین کرتے ہوئے حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں۔

’’نکاح میں بھی ایک اطاعت ہوتی ہے۔...... میاں بیوی کی اطاعت کرے اور بیوی میاں کی اطاعت کرے اس لئے کہ یہ خدا کا حکم ہے تو ہمیشہ نتیجہ اچھا ہوتا ہے۔ بیسیوں باتیں ہیں جن میں خاوند کو بیوی کی اطاعت کرنی پڑتی ہے اور بیسیوں باتیں ایسی ہیں جن میں بیوی کو خاوند کی اطاعت کرنی پڑتی ہے کوئی خاوند نہیں جو بیوی کو نہ مانے اور کوئی بیوی نہیں جسے کئی باتیں اپنے خاوند کی نہ ماننی پڑیں۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ کئی زور سے منواتے ہیں اور کئی محبت سے مگر چاہے وہ غلط طریق سے منوائیں یا صحیح طریق سے انہیں ایک دوسرے کی اطاعت کرنی پڑتی ہے۔...... خدا تعالیٰ کی رضا کے لئے ایک دوسرے کی اطاعت کی جائے اور ایک دوسرے کو محض خدا کیلئے خوش رکھنے کی کوشش کی جائے تو نتیجہ اچھا پیدا ہوگا۔ ہو نہیں سکتا ایک شخص خدا کی رضا کے لئے کام کرے اس کے احکام پر عمل کرے اور پھر اسے ایسا دکھ پہنچے جو اسے تباہ کر دے۔‘‘

(خطبات محمود جلد سوئم صفحہ 281)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الاول عورتوں کو ان کے فرائض کی طرف متوجہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

’’جیسا کہ میں مردوں کو بار بار تاکید کرتا ہوں کہ اپنی عورتوں کے ساتھ نیک سلوک کیا کریں ایسا ہی میں عورتوں کو بھی خاوندوں کے حقوق کے متعلق وعظ کیا کرتا ہوں۔ عورت اور مرد کے درمیان بہت محبت کے تعلقات ہونے چاہئیں جن سے مومنوں کے گھر نمونہ بہشت بن جائیں۔ (خطبات نور صفحہ 457)

میاں بیوی دو سچے اور حقیقی دوست ہونے چاہئیں حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

’’چاہیے کہ بیویوں سے خاوند کا ایسا تعلق ہو جیسے دو سچے اور حقیقی دوستوں کا ہوتا ہے۔ انسان کے اخلاق فاضلہ اور خدا تعالیٰ سے تعلق کی پہلی گواہ تو یہی عورتیں ہوتی ہیں۔ اگر ان ہی سے اس کے تعلقات اچھے نہیں ہیں تو پھر کس طرح ممکن ہے کہ خدا تعالیٰ سے صلح ہو‘‘۔

(ملفوظات جلد سوئم صفحہ 300)

میاں بیوی کو آپس میں ادب سے پیش آنے کی تلقین ملتی ہے۔ انہیں چاہیے کہ نرم اور پاک زبان کا استعمال کریں تا ماحول میں کشیدگی پیدا نہ ہو۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

’’یہ بھی بظاہر چھوٹی سی بات ہے۔ ابتدائی چیز ہے لیکن جہاں تک میں نے جائزہ لیا ہے۔ وہ سارے جھگڑے جو جماعت کے اندرنجی طور پر پیدا ہوتے ہیں یا ایک دوسرے کے تعلقات میں پیدا ہوتے ہیں ان میں جھوٹ کے بعد سب سے بڑا دخل اس بات کا ہے کہ بعض لوگوں کو نرم خوئی کے ساتھ کلام کرنا نہیں آتا ان کی زبان میں درشتگی پائی جاتی ہے۔ ان کی باتوں اور طرز میں تکلیف دینے کا ایک رجحان پایا جاتا ہے جس سے بسا اوقات وہ باخبر ہی نہیں ہوتے۔ جس طرح کانٹے دکھ دیتے ہیں اور ان کو پتہ نہیں کہ ہم کیا کر رہے ہیں اسی طرح ایسے اگر مرد ہوں تو ان کی عورتیں بیچاری ہمیشہ ظلموں کا نشانہ بنی رہتی ہیں اور اگر ایسی عورتیں ہوں تو مردوں کی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے۔‘‘

آج کی سسکتی ہوئی انسانیت پرسکون عائلی زندگی کی تلاش میں ہے۔ اس کھوئی ہوئی جنت کا حصول دینی تعلیم کو حرزِ جان بنانے میں ہے۔ اور اس کا کامل اور مکمل اسوہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے ایک خطاب میں اس پاک اسوہ کو اپنانے کے لئے احباب جماعت کو یوں مخاطب فرمایا۔

’’پس آج احمدی گھرانوں کو محمد مصطفیٰ ﷺ کے گھروں جیسا بننا ہوگا۔ آج امن کی اور کوئی راہ نہیں ہے سوائے اس راہ کے۔ آج نجات کا کوئی راستہ نہیں ہے مگر ایک راستہ کہ محمد مصطفیٰ ﷺ کے اسوہ کو ہم قبول کر لیں۔ پس اے احمدی مردو اور عورتو! تم دنیا کو امن اور آشتی کی خوشخبری دینے کے لئے پیدا کئے گئے ہو۔ آگے بڑھو اور دنیا کو اس کی طرف بلاؤ۔ لیکن یاد رکھنا کہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی عطا کردہ جنتیں ساتھ لے کر چلنا۔ یہی جنتیں ہیں جو آج دنیا کو امن دیں گی۔ اس جنت کے بغیر ہر گھر میں جہنم بھڑکائی جارہی ہے۔ طرح طرح کے مصائب اور دکھ ہیں جن میں انسان مبتلا ہے اور ایک دوسرے کو مبتلا کرتا چلا جارہا ہے آج مغربی قوموں کا امن بھی اٹھ چکا ہے اور مشرقی قوموں کا امن بھی اٹھ چکا ہے آج نہ روس عائلی جنت کی ضمانت دے سکتا ہے اور نہ امریکہ عائلی جنت کی ضمانت دے سکتا ہے۔ ایک ہی ہے اور وہ صرف ایک ہی ہے یعنی میرا آقا محمد مصطفیٰ ﷺ جو آج اس معاشرہ کی جہنم کو جنت میں تبدیل کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

میں امید رکھتا ہوں کہ ہر احمدی کو اگر جان بھی نچھاور کرنی پڑے اور اپنا سب کچھ قربان بھی کرنا پڑے تب بھی وہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے جاری کردہ معاشرہ کو دوبارہ جاری کرنے کے لئے اس قربانی سے دریغ نہیں کرے گا۔ خدا کرے ایسا ہی ہو۔

(خطاب جلسہ سالانہ مستورات ربوہ 27 دسمبر 1983ء)

ہمیں کسی قسم کے احساس کمتری میں مبتلا نہیں ہونا چاہیے۔ دجّالی قوتیں ہمارا کچھ بگاڑ نہیں سکتیں اگر ہم دل و جان سے اس تعلیم پر عمل پیرا ہوں جو خدا اور اس کے رسول مقبول ﷺ نے ہمارے سامنے پیش کی ہے۔ اس تعلیم کا جھکاؤ نہ مشرق کی طرف ہے اور نہ مغرب کی طرف۔ بلکہ یہ تعلیم عین انسانی فطرت کے مطابق بنی نوع انسان کی بھلائی اور فائدے کے لئے ہے۔ دنیا کو امن کی تلاش ہے۔ امن کی ضمانت نہ ممکن ہے۔ جب تک گھروں کے سکون، اطمینان اور اندرونی امن کی ضمانت نہ دی جائے اور وہ بنانے والا صرف ایک ہے اور وہ ہمارے آقا و مولا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں اور آپ کی لائی ہوئی تعلیم ہے جو ہم نے بیان کر دی ہے۔

اب میں امام وقت حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ایک ارشاد پیش کرتا ہوں فرمایا:۔

’’عورت اور مرد ایک دوسرے کی ذمہ داریاں ادا کریں ایک دوسرے کے حقوق کا خیال رکھیں۔ اپنے گھروں کو محبت و پیار کا گہوارہ بنائیں اور اولاد کے حق ادا کریں۔ ان کی تعلیم و تربیت کی طرف توجہ کریں۔ ایک دوسرے کے ماں باپ اور بہن بھائی سے محبت کا تعلق رکھیں ان کے حقوق ادا کریں اور یہ صرف عورتوں کی ہی ذمہ داری نہیں ہے بلکہ مردوں کی بھی ذمہ داری ہے۔ اس طرح جو معاشرہ قائم ہوگا وہ پیار و محبت اور رواداری کا معاشرہ قائم ہوگا۔ اس میں ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کی طرف توجہ ہوگی۔ ہر عورت اور ہر مرد ایک دوسرے کے حقوق ادا کرنے کے لئے قربانی کی کوشش کر رہا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے یہ میری تعلیم ہے۔ یہ ایک دوسرے کے حقوق ہیں۔ یہ عورت و مرد کی ذمہ داریاں ہیں جو فطرت کے عین مطابق ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں دیکھ رہا ہوں کہ کس حد تک تم اس پر عمل کرتے ہو۔ اگر صحیح رنگ میں عمل کرو گے تو میرے فضلوں کے وارث بنو گے۔ تمہیں قطعاً مغربی معاشرے سے متاثر ہونے اور ان کی نقل کرنے کی ضرورت نہیں رہے گی بلکہ وہ تمہارے سے متاثر ہوں گے اور کچھ سیکھیں گے دین حق کی خوبیاں اپنائیں گے۔‘‘

(الفضل 29۔ اگست 2003ء)

پس اے شمع احمدیت کے پروانو! آج روئے زمین پر آپ ہیں۔ ہاں آپ ہیں۔ جنہوں نے اپنے عمل سے یہ ثابت کرنا ہے کہ آپ وہ لوگ ہیں جو دنیا کے لئے نمونہ ہیں۔ آپ کے عمل کو دیکھ کر لوگ اس جماعت میں شامل ہوں گے۔ اس لحاظ سے آپ پر بہت بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ آئیں آج یہ عہد کریں کہ ہم نے اپنی عائلی زندگی کو خوشگوار بنانا ہے تمام رنجشیں، تمام قدورتیں بھول کر اپنے گھروں کو جنت کا نمونہ بنا دیں۔ ایسے بن جائیں کہ آسمان کے فرشتے آپ پر رشک کریں اور خدا آپ سے راضی ہو جائے۔ آمین

ایک یہ بات بھی قابل توجہ ہے کہ اسی دعا میں جب اولاد کی طرف سے آنکھ کی ٹھنڈک مانگی گئی ہے تو ظاہر ہے کہ میاں بیوی کو شادی کے وقت اپنے لئے ہی نہیں بلکہ اپنی اولاد کے لئے بھی دعائیں شروع کر دینی چاہئیں۔ اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک تبھی نصیب ہوسکتی ہے جب وہ متقی ہو اور نیک اور صالح ہو۔ اسی لئے اس دعا کے آخر پر یہ الفاظ رکھ دیئے گئے ہیں کہ ہمیں متقی اولاد کا امام بنانا۔ اس کا مزید فائدہ یہ پہنچتا ہے کہ ماں باپ اور ان کے بچوں کے درمیان وہ فاصلے کبھی پیدا نہیں ہوتے جن کو Generation Gap کہا جاتا ہے۔ جو بچے ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہوں ان کو باہر کی دنیا میں بھی ایسی دلچسپی نہیں کہ وہ اپنے گھر کی بجائے باہر تسکین قلب ڈھونڈیں۔ سکول یا کالج وغیرہ سے وہ سیدھا گھر کو لوٹتے ہیں تا کہ اپنے ماں باپ کے سایہ تلے تسکین حاصل کریں۔ یہی قرآنی تعلیم ہے جس کو نظرانداز کرنے کے نتیجہ میں دن بدن زیادہ عائلی زندگیاں تباہ ہوتی جارہی ہیں اور گھر

ٹوٹ رہے ہیں۔ اسی طرح میاں بیوی کے آپس کے تعلقات ہی نہیں ٹوٹتے ، بلکہ اولاد سے بھی ان کے تعلقات ٹوٹ جاتے ہیں اور جونہی اولاد بالغ ہوا اپنے ماں باپ سے اپنے آپ کو آزاد سمجھتی ہے اور ان کی لذتوں کے مراکز گھروں کی بجائے ناچ گھر اور شراب خانے بن جاتے ہیں یا پھر وہ آپس میں نوجوانوں کے جرائم پیشہ Gangs بنا کر گلیوں اور دوسرے گھروں کے امن کو برباد کرتے پھرتے ہیں۔

دعاؤں اور ذکر الٰہی سے اپنے گھروں کو جنت بنانے کی طرف توجہ دلاتے ہوئے حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

’’پس یہ دونوں خوبیاں ایسی ہیں جن سے ایک دوسرے کو تقویت ملتی ہے۔ اس لئے آپ ذکر الٰہی پر بہت زور دیں نماز، ذکر الٰہی اور درود شریف سے اپنی زبان اور اپنے دل کو تر رکھیں تو پھر جب کبھی آپ عادتاً فحش کلامی کرنے کی کوشش کریں گے تو آپ کا نفس آپ کو جھنجوڑے گا اور متوجہ کرے گا کہ بھئی تم کیسے انسان ہو کہ دودھ کے لئے بھی وہی برتن اور پیشاب کے لئے بھی وہی۔ کھانے کے لئے بھی وہی اور گندگی کے لئے بھی وہی برتن استعمال کرتے ہو۔ تمہیں شرم نہیں آتی۔ ذکر الٰہی سے دل و جان معطر کرتے کرتے اس میں ایسا گند ڈالتے ہو۔ کیا اس منہ کو جس میں محمد ﷺ اور خدا تعالیٰ کے نام چل رہا ہو یہ گند زیب دیتا ہے‘‘

(خطبہ جمعہ فرمودہ 5۔ اگست 1983ء)

حضرت مصلح موعود نے ایک نکاح کا اعلان کرتے ہوئے میاں بیوی کے فوائد کے ایک دوسرے سے منسلک ہونے اور ایک دوسرے سے اخلاص اور محبت کے تعلق کی حقیقت کو بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

’’اسلام میں خدا تعالیٰ نے شادی کے متعلق ایسے قواعد بتا دیئے ہیں کہ ان پر کار بند ہونے سے انسان کو سچا دوست اور مخلص مددگار مل جاتا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ ایسی عورتیں بھی ہوتی ہیں جو مرد کی سخت دشمن ہوتی ہیں اور انہیں تباہ کر دیتی ہیں مگر اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ بہت سی عورتیں خاوندوں کی اور مرد عورتوں کے سچے مددگار رہتے ہیں۔ گو بعض غلطیوں اور بدعہدیوں کی وجہ سے ایسا ہوتا ہے کہ خاوند بیوی سے اور بیوی خاوند سے بدظن ہو جاتی ہے۔ لیکن یہ بیرونی عوارض اور اسباب ہیں ورنہ میاں بیوی کا تعلق ایسا ہے کہ 90 فیصد مرد و عورت کے تعلقات اچھے ہوتے ہیں اور اس اچھا ہونے کی ایک وجہ ہے اور وہ یہ ( ۔ ) کہ اسلام نے مرد کے فوائد کو عورت کے فوائد سے اور عورت کے فوائد کو مرد کے فوائد سے ایسا متحد کر دیا ہے کہ ان میں سوائے دوستی اور محبت کے اور کچھ نہیں ہو سکتا کیونکہ دوستی اور محبت اور پیار کا اصل فوائد کا متحد ہونا ہے جس قدر بھی تعلقات اور دوستیاں ہیں ان سب کی اصلیت یہی ہے……

خدا تعالیٰ نے مرد اور عورت کے تعلقات کو بہتر بنانے کے لئے یہ تجویز فرمائی ہے کہ ان کے فوائد کو متحد کر دیا ہے اس لئے یہ ایسا جوڑ اور ایسی شرائط کے ماتحت ہے کہ اس کو کوئی جدا نہیں کر سکتا خدا تعالیٰ نے مرد کو عورت کا ذمہ دار بنایا ہے اور عورت کو مرد کا ذمہ دار اور دونوں کو ایک دوسرے کی عزت، مرتبہ، مال، دولت آرام و آسائش میں شریک بنایا ہے اس لئے جس قدر مرد کا رتبہ اور عزت وغیرہ بڑھتی جائے گی اسی قدر عورت کی بڑھے گی اور جس قدر عورت کی بڑھے گی اسی قدر مرد کی بڑھے گی۔ ایک کی ترقی دوسرے کی ترقی ہے اور ایک کا تنزل دوسرے کا تنزل۔ ایک کا نقصان دوسرے کا نقصان ہے اور دوسرے کا نقصان ایک کا۔ مثلاً مرد کے بیمار ہونے سے جو نقصان ہو گا وہ نہ صرف اسی کا ہو گا بلکہ اس کی عورت کا بھی ہو گا۔ اسی طرح اگر عورت کسی تکلیف میں مبتلاء ہو گی تو اس تکلیف کا اثر مرد تک بھی پہنچے گا۔ کیونکہ عورت مرد کا ایسا تعلق اور اتحاد ہے کہ دونوں کے فوائد اور نقصان ایک ہو گئے ہیں اور یہ ایک زبردست اتحاد ہے جس کو کوئی توڑ نہیں سکتا سوائے بیرونی بواعث اور خارجی اثرات کے۔ اصل میں خدا تعالیٰ نے مرد و عورت کے فوائد کا ایسا اشتراک رکھا ہے کہ وہ ایک دوسرے سے سچی محبت کرنے کے لئے مجبور ہو جاتے ہیں ہاں کچھ بیرونی روکیں رہ جاتی ہیں لیکن ان کے دور کرنے کے لئے بھی خدا تعالیٰ نے تدابیر بتا دی ہیں۔ یہ آیات جو نکاح کے موقع پر پڑھنی آنحضرت ﷺ نے مقرر فرمائی ہیں ان میں ان تدابیر کا ذکر ہے۔‘‘

(خطبات محمود جلد سوم صفحہ 14 تا 15)

(زبیر خلیل خان سیکرٹری خلافت جوبلی کمیٹی جرمنی)

## خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی 1908-2008ء

# جماعت احمدیہ جرمنی کے ماہ مئی 2008ء کے پروگرام

جماعت جرمنی کے تحت ماہ مئی میں خلافت جوبلی کے سلسلہ میں منعقد ہونے والی سرگرمیاں۔

## اہم شخصیات کے ساتھ استقبالیہ

☆ شعبہ خارجہ کے تحت بیت بشیر Bensheim میں اہم شخصیات کے ساتھ استقبالیہ کی تقریب منعقد ہوئی جس میں 168 اہم شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء میں ممبران قومی اسمبلی، ممبران صوبائی اسمبلی اور دیگر معززین شامل ہوئے۔ تلاوت اور نظم کی تقریب کے بعد جماعت کا تعارف کرایا گیا اور پھر معزز مہمانوں نے بھی شرکاء سے خطاب کیا۔ ایک مہمان نے اپنے خطاب میں واشگاف الفاظ میں کہا کہ جماعت احمدیہ کو خلافت کی نعمت ملے سو سال کا عرصہ ہو چکا ہے اور جماعت اس نعمت کی بدولت ترقی کی راہوں پر گامزن ہے خدا کرے کہ جماعت احمدیہ کو یہ نعمت آئندہ بھی کئی سو سالوں تک میسر رہے اور وہ ترقی کی منازل اسی طرح طے کرتی رہے۔ میڈیا نے بھی اس تقریب کو خوب کوریج دی۔

☆ بیت المقیت Wabern میں منعقد ہونے والی تقریب میں 147 افراد نے شرکت کی۔ جماعت جرمنی کی یہ بیت الذکر تعمیراتی نقطہ نگاہ سے ہمیشہ ہی دلچسپی کا باعث رہی ہے۔ بیت الذکر کا اندرونی حصہ خاص قسم کی مٹی کی اینٹوں سے بنایا گیا ہے جو کہ بیت الذکر کو ٹھنڈا رکھتا ہے اسی طرح Sound Echo کا بھی دلچسپ انتظام ہے اور ایک جگہ بولنے سے آواز تمام جگہوں پر سنی جا سکتی ہے۔ بیت کے اس دلکش طرز تعمیر کو اجاگر کرنے کیلئے TV اور اخبارات کے نمائندگان کی بڑی تعداد نے اس فنکشن میں شرکت کی۔

اس بیت الذکر کو رات کو روشن رکھنے کیلئے مختلف سمتوں میں Flood lights لگی ہوئی تھیں۔ چند ماہ قبل اس شہر میں واقع ایک ویران فیکٹری کی بلند و بالا چمنی پر ایک نایاب پرندہ نے گھونسلہ بنا کر انڈے دے دیئے۔ مقامی احباب نے محسوس کیا کہ رات کو بیت الذکر کی ایک Flood light کی وجہ سے پرندہ Disturb ہوتا ہے چنانچہ شہر کے میئر کی طرف سے جماعت احمدیہ کو بیت کی اس Light کی سمت تبدیل کرنے کی درخواست کی گئی جو کہ فوراً تسلیم کر لی گئی اور جماعت کی طرف سے اس چھوٹے سے Goodwill gesture نے مقامی شہریوں کے دل جیت لئے۔

☆ بیت الہدیٰ Usingen میں منعقد ہونے والی تقریب میں 59 اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب کیلئے لجنہ اماء اللہ نے بیت الذکر کو بہت ہی شاندار طریق سے سجا رکھا تھا۔ معزز مہمانوں نے جماعت میں موجود نظام خلافت کی بے حد تعریف کی۔

## خلافت جوبلی پریس کانفرنس

یوم خلافت یعنی 27 مئی سے قبل 26 مئی کو برلن میں زیر تعمیر بیتخدیجہ کے مقام پر ایک پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ پریس کانفرنس کا اصل مدعا اگلے روز یوم خلافت اور جماعت میں موجود نظام خلافت کو اجاگر کرنا تھا۔ محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ پریس کانفرنس انتہائی کامیاب رہی۔ مختلف T.V، ریڈیو اور اخبارات کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اسی روز برلن کے Berlin T.V اور RBB نے شام پانچ بجے کی خبروں میں تفصیلات دکھلائیں۔ اسی طرح اخبارات نے بھی بہت کوریج دی۔ جرمنی کے مشہور ترین اخبار FAZ نے بھی بڑے اچھے انداز میں خبر دی۔ جرمنی کے علاوہ UK سے بھی ARY اور DM-Digital کی ٹیمیں تشریف لائیں اور بعد ازاں دونوں T.V کے علاوہ Venus T.V نے بھی پریس کانفرنس کے انگریزی حصہ کو نشر کیا۔ ARY کی مشہور و معروف شخصیت محترمی P J M I R صاحب اور DM-Digital کے حالات حاضرہ کا پروگرام پیش کرنے والے محترمی محمود رانا صاحب بنفس نفیس تشریف لائے اور پریس کانفرنس میں شرکت کی۔ سوالات کے جوابات دینے کیلئے محترمی عبداللہ واگس ہاؤزر امیر جماعت جرمنی، محترمی ہدایت اللہ ھبش صاحب اور مربی سلسلہ محترمی عبدالباسط طارق صاحب موجود تھے۔ زیادہ سوالات نظام خلافت خلافت کی اہمیت اور بیوت الذکر کا امن عامہ میں کردار سے متعلق تھے۔ خواتین سے متعلق بعض سوالات کے جوابات نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ محترمہ قرۃ العین گردیزی صاحبہ نے دیئے۔

## یوم خلافت

27 مئی کو جرمنی بھر کی جماعتوں نے بھرپور طریق سے یوم خلافت کا انعقاد کیا گو منگل کا روز تھا لیکن تمام افراد نے ہی اس دن چھٹی کا بندوبست کیا۔ سارے احمدیوں میں عید کا ماحول تھا۔ تمام مراکز نماز، بیوت الذکر پر لوائے احمدیت لہرائے گئے۔ گزشتہ شب سے ہی تمام عمارات پر خوبصورت چراغاں کر دیا گیا تھا۔ پیارے امام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور اور ولولہ انگیز خطاب سننے کیلئے تمام مراکز میں TV اور بڑی بڑی سکرینیں لگا کر استفادہ کیا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر تمام شرکاء میں شیرینی تقسیم کی گئی۔

## پیغام حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ

اردو اور جرمن زبان میں حضور انور کے پروگرام کو دیدہ زیب پمفلٹ کی شکل میں تیار کر کے سارے احباب جماعت میں 27 مئی کو تقسیم کیا گیا۔

## ڈاک کے لفافے

خلافت جوبلی کی مناسبت سے تین مختلف قسم کے ڈاک کے لفافے تیار کئے گئے ہیں۔ ٹکٹ پر برلن کی بیت الذکر کی تصویر ہے اور لفافے پر خلافت جوبلی کا Logo ہے اور سو سالہ احمدیہ خلافت لکھا گیا ہے اور اسی طرح جماعت کا نعرہ محبت سب کیلئے، نفرت کسی سے نہیں، بھی ٹکٹ کے اوپر لکھا ہوا ہے۔ سال کے باقی دنوں میں اب یہی لفافے پوسٹ کیلئے استعمال کیلئے جائیں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

’’اپنے اندر استقلال پیدا کرنے کی کوشش کریں۔‘‘

(مشعل راہ جلد اول صفحہ 163)

مکرم رانا غلام مصطفیٰ منصور صاحب

# نظام وصیت۔ دکھوں کا مداوا

حضرت مسیح موعوداس نظام کی بنیاد رکھتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

’’تمہیں خوشخبری ہو کہ قرب پانے کا میدان خالی ہے، ہر ایک قوم دنیا سے پیار کر رہی ہے اور وہ بات جس سے خدا راضی ہو اس کی طرف دنیا کو توجہ نہیں، وہ لوگ جو پورے زور سے اس دروازہ میں داخل ہونا چاہتے ہیں، ان کے لئے موقع ہے کہ اپنے جوہر دکھلائیں اور خدا سے خاص انعام پاویں، یہ مت خیال کرو کہ خدا تمہیں ضائع کردے گا‘‘۔

(الوصیت۔روحانی خزائن جلد20 ص308)

پھر حضور فرماتے ہیں:۔

’’خدا نے مجھے میری وفات کی اطلاع دی ہے اور مجھے مخاطب کر کے میری زندگی کی نسبت فرمایا کہ بہت تھوڑے دن رہ گئے ہیں اور فرمایا کہ تمام حوادث اور عجائبات قدرت دکھلانے کے بعد تمہارا حادثہ آئے گا یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ضرور ہے کہ میری وفات سے پہلے دنیا پر کچھ حوادث پڑیں اور کچھ عجائبات قدرت ظاہر ہوں۔تا دنیا ایک انقلاب کے لئے تیار ہو جائے اور اس انقلاب کے بعد میری وفات ہو اور مجھے ایک جگہ دکھلا دی گئی کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہوگی۔ایک فرشتہ میں نے دیکھا کہ وہ زمین کو ناپ رہا ہے تب ایک مقام پر اس نے پہنچ کر مجھے کہا کہ یہ تیری قبر کی جگہ ہے۔پھر ایک جگہ مجھے ایک قبر دکھلائی گئی کہ وہ چاندی سے زیادہ چمکتی تھی اور اس کی تمام مٹی چاندی کی تھی تب مجھے کہا گیا کہ یہ تیری قبر ہے اور ایک جگہ مجھے دکھلائی گئی اور اس کا نام بہشتی مقبرہ رکھا گیا اور ظاہر کیا گیا کہ وہ ان برگزیدہ جماعت کے لوگوں کی قبریں ہیں جو بہشتی ہیں‘‘۔

(الوصیت۔روحانی خزائن جلد20 ص315)

## پُرسوز دعائیں

حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

’’میں دعا کرتا ہوں کہ خدا اس میں برکت دے اور اسی کو بہشتی مقبرہ بنادے اور یہ اس جماعت کے پاک دل لوگوں کی خواب گاہ ہو جنہوں نے درحقیقت دین کو دنیا پر مقدم کرلیا اور دنیا کی محبت چھوڑ دی اور خدا کے لئے ہوگئے اور پاک تبدیلی اپنے اندر پیدا کرلی اور رسول اللہ ﷺ کے اصحاب کی طرح وفاداری اور صدق کا نمونہ دکھلایا!

پھر میں دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر خدا! اس زمین کو میری جماعت میں سے ان پاک دلوں کی قبریں بنا جو فی الواقع تیرے لئے ہو چکے اور دنیا کی اغراض کی ملونی ان کے کاروبار میں نہیں! پھر میں تیسری دفعہ دعا کرتا ہوں کہ اے میرے قادر کریم! اے خدائے غفور الرحیم! تو صرف ان لوگوں کو اس جگہ قبروں کی جگہ دے جو تیرے اس فرستادہ پر سچا ایمان رکھتے ہیں اور کوئی نفاق اور غرض نفسانی اور بدظنی اپنے اندر نہیں رکھتے اور جیسا کہ حق ایمان اور اطاعت کا ہے بجا لاتے ہیں اور تیری راہ میں اپنے دلوں میں جان فدا کر چکے ہیں، جن سے تو راضی ہے اور جن کو تو جانتا ہے کہ وہ بکلی تیری محبت میں کھوئے گئے اور تیرے فرستادہ سے وفاداری اور پورے ادب اور انشراحی ایمان کے ساتھ محبت اور جانفشانی کا تعلق رکھتے ہیں! اور چونکہ اس قبرستان کے لئے بڑی بھاری بشارتیں مجھے ملی ہیں اور نہ صرف خدا نے یہ فرمایا کہ یہ مقبرہ بہشتی ہے بلکہ یہ بھی فرمایا کہ (-) یعنی ہر ایک قسم کی رحمت اس قبرستان میں اتاری گئی ہے اور کسی قسم کی رحمت نہیں جو اس قبرستان والوں کو اس سے حصہ نہیں۔

(الوصیت۔روحانی خزائن جلد20 ص316)

سیدنا حضرت مصلح موعود نے 1942ء کے جلسہ سالانہ قادیان میں 27 دسمبر کو نظام نو کے عنوان کے تحت تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ:

’’حضرت مسیح موعود نے یہ سوال خود ہی اٹھایا ہے اور پھر خود ہی اس کا جواب دیا ہے کہ لوگ یہ خیال نہ کریں کہ اتنے خزانے کہاں سے آئیں گے، آئیں گے اور ضرور آئیں گے مجھے اگر ڈر ہے تو یہ کہ کہیں کثرت مال کو دیکھ کر لوگ دنیا سے پیار نہ کرنے لگ جائیں کیونکہ روپیہ اکٹھا ہوگا اور اتنا اربوں ارب اور اربوں ارب اکٹھا ہوگا کہ اتنا مال نہ امریکہ نے کبھی دیکھا ہوگا نہ روس نے کبھی دیکھا ہوگا نہ انگلستان نے کبھی دیکھا ہوگا نہ جرمنی، اٹلی اور جاپان نے کبھی دیکھا ہوگا بلکہ ساری حکومتوں نے مل کر بھی اتنا روپیہ کبھی جمع نہیں کیا ہوگا جتنا روپیہ اس ذریعہ سے اکٹھا ہوگا۔پس چونکہ اس ذریعہ سے اس قدر دولت اکٹھی ہوگی کہ اس قدر دولت دنیا کی آنکھ نے اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھی ہوگی‘‘۔

(نظام نو۔انوار العلوم جلد16 ص598)

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

’’اللہ تعالیٰ نے میرے دل میں تحریک جدید کا القا فرمایا تا کہ اس ذریعہ سے ابھی سے ایک مرکزی فنڈ قائم کیا جائے اور ایک مرکزی جائیداد پیدا کی جائے جس کے ذریعہ سے (-) احمدیت کو وسیع کیا جائے ......پس جوں جوں (-) ہوگی اور لوگ احمدی ہوں گے وصیت کا نظام وسیع سے وسیع تر ہوتا چلا جائے گا اور کثرت سے اموال جمع ہونا شروع ہو جائیں گے‘‘۔

(نظام نو۔انوار العلوم جلد16 ص599)

پھر فرمایا:۔

’’تحریک جدید گو وصیت کے بعد آئی ہے مگر اس کے پیش رو کی حیثیت میں ہے......اور اس کا ظہور مسیح موعود کے غلبہ والے ظہور کے لئے بطور ارہاص کے ہے ہر شخص جو تحریک جدید میں حصہ لیتا ہے وصیت کے نظام کو وسیع کرنے میں مدد دیتا ہے اور ہر شخص جو نظام وصیت کو وسیع کرتا ہے وہ نظام نو کی تعمیر میں مدد دیتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ جیسا کہ میں نے بتایا ہے وصیت حاوی ہے اس تمام نظام پر جو (-) نے قائم کیا ہے بعض لوگ غلطی سے یہ خیال کرتے ہیں کہ وصیت کا مال صرف لفظی اشاعت (-) کے لئے ہے مگر یہ بات درست نہیں وصیت لفظی اشاعت اور عملی اشاعت دونوں کے لئے ہے کہ جس طرح اس میں (-) شامل ہے اسی طرح اس میں اس نئے نظام کی تکمیل بھی شامل ہے جس کے ماتحت ہر فرد بشر کی باعزت روزی کا سامان مہیا کیا جائے۔جب وصیت کا نظام مکمل ہوگا تو صرف (-) ہی اس سے نہ ہوگی بلکہ (-) کے منشاء کے ماتحت ہر فرد بشر کی ضرورت کو اس سے پورا کیا جائے گا اور دکھ اور تنگی کو دنیا سے مٹا دیا جائے گا! (-) یتیم بھیک نہ مانگے گا، بیوہ لوگوں کے آگے ہاتھ نہ پھیلائے گی، بے سامان پریشان نہ پھرے گا کیونکہ وصیت بچوں کی ماں ہوگی، جوانوں کی باپ ہوگی، عورتوں کا سہاگ ہوگی اور جبر کے بغیر محبت اور دلی خوشی کے ساتھ بھائی بھائی کی اس کے ذریعہ سے مدد کرے گا اور اس کا دینا بے بدلہ نہ ہوگا بلکہ ہر دینے والا خدا تعالیٰ سے بہتر بدلہ پائے گا نہ امیر گھاٹے میں رہے گا نہ غریب، نہ قوم قوم سے لڑے گی بلکہ اس کا احسان سب دنیا پر وسیع ہوگا۔

پس اے دوستو! دنیا کا نیا نظام نہ مسٹر چرچل بنا سکتے ہیں نہ مسٹر روزویلٹ بنا سکتے ہیں یہ اٹلانٹک چارٹر کے دعوے سب ڈھکوسلے ہیں اور اس میں کئی نقائص ہیں، کئی عیوب اور کئی خامیاں ہیں، نئے نظام وہی لاتے ہیں جو خدا تعالیٰ کی طرف سے دنیا میں مبعوث کئے جاتے ہیں، جن کے دلوں میں نہ امیر کی دشمنی ہوتی ہے، نہ غریب کی بے جا محبت ہوتی ہے، جو نہ مشرقی ہوتے ہیں نہ مغربی وہ خدا تعالیٰ کے پیغامبر ہوتے ہیں اور وہی تعلیم پیش کرتے ہیں جو امن قائم کرنے کا حقیقی ذریعہ ہوتی ہے پس آج وہی تعلیم امن قائم کرے گی جو حضرت مسیح موعود کے ذریعہ آئی ہے اور جس کی بنیاد الوصیت کے ذریعہ 1905ء میں رکھ دی گئی ہے‘‘۔ (نظام نو۔انوار العلوم جلد16 ص600)

پھر فرمایا:۔

